سوال

(156) بہن کو زکوٰۃ دینا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری ایک شادی شدہ بہن ہے جس کی مالی حالت کمزور ہے۔ کیا میرے لیے اسے کچھ مال زکوٰۃ دینا جائز ہے تاکہ اس کی مالی حالت بہتر ہوسکے اور بچوں کی تربیت کے سلسلہ میں اس کی اعانت کی جاسکے خاص طور پر اس وجہ سے بھی کہ اس کا شوہر اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا اور ہم اسے سمجھا سمجھا کر تھک گئے ہیں مگر اس کی اصلاح احوال نہیں کرسکے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر وہ فقیر ہے، اس کا شوہر اس پر خرچ نہیں کرتا، آپ اس کی اصلاح احوال سے عاجز آگئے ہیں اور کوئی بھی نہیں جو اس پر خرچ کرسکے تو اسے بقدر ضرورت زکوٰۃ دینا جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الجنائز: ج2 صفحہ131

محدث فتویٰ